27 جولائی 2015ء

اسٹیٹ بینک نے بینکوں کے کاروباری طرزِ عمل کے متعلق رہنما خطوط جاری کردیئے

اسٹیٹ بینک نے بینکوں کے کاروباری طرزِ عمل (Business Conduct) کے متعلق رہنما خطوط جاری کردیئے ہیں۔ ان رہنما خطوط کو جاری کرنے کا مقصد ایسے معیارات اور لائحہ عمل وضع کرنا ہے، جن پر بینکوں نے اپنے صارفین کے ساتھ ڈیلنگ کرتے وقت عمل کرنا ہے۔

یہ رہنما خطوط اطلاق اور وضاحتوں، بینکوں کے اہم وعدوں، صارفین کے متعلق ذمہ داریوں، پروڈکٹ و خدمات اور طرزِ عمل کے معیارات کے اظہار پر مشتمل ہیں۔ رہنما خطوط میں ایسی خدمات و طرزِ عمل کے کم از کم معیارات متعین کیے گئے ہیں جن کی صارف بینک سے توقع کرتا ہے۔ فریقوں کو سہولت دینے کے لیے اس ضمن میں وقتاً فوقتاً جاری کیے جانے والے ضوابط/ ہدایات کو بھی اس دستاویز کا حصہ بنا دیا گیا ہے۔

تمام بینکوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان رہنما خطوط پر اس کی پوری روح کے مطابق عمل کریں۔